NBP FUNDS
Managing Your Savings

AM1
Rated by PACRA

Weekly Stock Market Commentary

March 15, 2019

Sajjad Anwar, CFA
Chief Investment Officer

During the week ending 15th March 2019, amid thin trading volume, the benchmark KSE-100 Index declined by 643 points (1.7%) to close the week at 38,307 points. Dearth of any positive triggers and uncertainty on the timing of bailout package from the IMF prompted investors to stay on the sidelines. Aggressive posturing and political rhetoric from India added to investors' angst. Moreover, concerns on the economic growth and corporate profitability came to fore as LSM for January 2019 witnessed a large 4.6% contraction on a YoY basis, taking 7MFY2019 decline to 2.3%. Consequently, the cyclical sectors such as Construction & Material and Engineering led decline in the market during the outgoing week. In addition, foreign selling in the select index heavy weight, Oil & Gas Development Company (OGDC) sparked investors' concerns on the resumption of foreign selling in the market. Another unwelcome news of the week from the external account perspective was that the country has not been able to secure a much needed USD 3.2 billion oil on deferred payments facility from the United Arab Emirates (UAE).

The most encouraging development of the week on the economic front was Current Account Deficit (CAD) number for February that clocked in at mere USD 356 million mainly due to a massive 20% MoM decline in imports even though exports and workers' remittances also showed a MoM decline of 18% and 9.5%, respectively. We expect improvement in the external account to continue as the tightening monetary and fiscal policies pursued by the government along with other austerity measures fully kicks in.

Looking at the participant-wise activity during the outgoing week, foreigners remained large sellers in the market, offloading position to the tune of USD 16 million. On the contrary, Insurance Companies, Companies, and Banks/DFIs remained large buyers in the market, accumulating fresh positions to the tune of USD 8 million, USD 4 million, and USD 3 million, respectively.

Going forward, after a sizable 8% correction from the recent high of 41,614 hit on February 4, 2019, the market is trading at an attractive Price-to-Earnings (P/E) multiple of 7.6 and offers a handsome 6% dividend yield. Led by the Index heavy E&P and banking sectors, we expect corporate earnings to grow at double digit for CY19 and CY20. We expect continuation of improvement in external account position due to the recently enacted tightening policies with some more to come as well. Above all, against unabated foreign selling during the last three consecutive years, the odds of resumption of foreign portfolio inflows have risen, given attractive valuations and subsiding risk of disruptive currency devaluation after a massive 26% adjustment in PKR/USD parity during CY18. Taken together, we advise investors to consolidate their position in equities as the stock market is well poised to deliver healthy returns in CY19 and beyond given attractive starting valuations and waning headwinds.

Disclaimer: *This publication is for informational purposes only and nothing herein should be construed as a solicitation, recommendation or an offer to buy or sell any fund. All investments in mutual funds are subject to market risks. Past performance is not necessarily indicative of future results. Please read the Offering Documents to understand the investment policies and the risks involved.*

ہفت روزہ اسٹاک مارکیٹ کمنٹری

15 مارچ ،2019

سجاد انور، سی ایف اے
چیف انویسٹمینٹ آفیسر

15 مارچ 2019 کو اختتام ہونے والے ہفتے کے دوران کم تجارتی حجم کے ساتھ بینچ مارک کے ایس سی 100 انڈیکس 643 پوائنٹس (1.7 فیصد) کی کمی کے بعد 38,307 پوائنٹس پر بند ہوا۔ کسی مثبت محرک کی غیر موجودگی اور آئی ایم ایف سے معاشی پیکج کے حصول کے حوالے سے بے یقینی کی صورتحال کے باعث سرمایہ کاروں نے مارکیٹ سے دور رہنے کو ترجیح دی۔ بھارتی حکومت کے جارحانہ رویئے اور سیاسی بیان بازی نے بھی سرمایہ کاروں کی بے چینی میں اضافہ کیا۔ اس کے علاوہ، بڑی صنعتوں کی پیداوار میں جنوری کے مہینے میں 4.6 فیصد کی کمی جب کہ مالی سال 2019 کے پہلے سات مہینوں میں 2.3 فیصد کی کمی معاشی ترقی کی شرح اور کارپوریٹ سیکٹر کے منافع پر سرمایہ کاروں کے خدشات میں اضافے کی وجہ بنی۔ تیل اور گیس تلاش کرنے والی ایک بڑی کمپنی کے حصص میں بیرونی سرمایہ کاروں کی فروخت ملکی سرمایہ کاروں کی تشویش میں اضافے کا باعث بنی۔ گزشتہ ہفتے کی ایک اور ناگوار خبر متحدہ عرب امارات کی جانب سے پاکستان کو 3.2 بلین ڈالرز کی قرض پر خام تیل کی فراہمی پر انکار ہے۔

اس ہفتے کی سب سے بڑی حوصلہ افزاء پیش رفت اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے اعدادوشمار کے مطابق درآمدات میں 20 فیصد کی کمی کے باعث فروری 2019 میں بیرونی تجارتی خسارہ کم ہو کر 356 ملین ڈالرزرہ گیا ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ حکومت کے حالیہ پالیسی اقدامات کی بدولت بیرونی ادائیگیوں کے توازن میں بہتری کا یہ سلسلہ جاری رہے گا۔

اگر گزشتہ ہفتے کے دوران سرمایہ کاروں کی تجارتی سرگرمی کا جائزہ لیا جائے تو بیرونی سرمایہ کار مارکیٹ میں بڑے فروخت کنندہ دکھائی دیئے جن کی جانب سے 16 ملین ڈالرز کے حصص فروخت کئے گئے۔ اس کے برعکس انشورنس کمپنیز، کمپنیز اور بینکوں کی جانب سے بالترتیب 8 ملین ڈالرز ، 4 ملین ڈالرز، 3 ملین ڈالرز کی خریداری دیکھی گئی۔

4 فروری 2019 کی 41,614 پوائنٹس کی حالیہ بلند ترین سطح سے 8 فیصد کی بڑی کمی کے بعد اسٹاک مارکیٹ کی قدر پر کشش ہو گئی ہے جو کہ (Price-to-Earning Multiple of 7.6) پر موجود ہے۔ تیل اور گیس تلاش کرنے والی کمپنیوں اور بینکنگ سیکٹرز کی بدولت سال 2019 اور 2020 میں ہمارے جائزے کے مطابق کارپوریٹ لسٹڈ سیکٹر کے منافع میں مناسب اضافہ متوقع ہے۔ اس کے علاوہ ہم بیرونی ادائیگیوں کے توازن میں بہتری کا عمل جاری رہنے کی توقع کرتے ہیں۔ سب سے بڑھ کر، پچھلے تین سالوں کے دوران بیرونی سرمایہ کاروں کی جانب سے مسلسل فروخت کے رجحان کے برعکس مارکیٹ کی پر کشش قدر اور روپے کی اصل قدر بحال ہونے کے بعد اس سال کے دوران بیرونی سرمایہ کاری بحال ہونے کی توقع ہے۔ مجموعی طور پر، مارکیٹ کی پر کشش قدر اور سرمایہ کاری کے حالات میں رواں بہتری کے باعث اسٹاک مارکیٹ پر مثبت نقطہ نظر کی بدولت ہم سرمایہ کاروں کو مارکیٹ میں اپنی پوزیشن مزید مستحکم کرنے کا مشورہ دیتے ہیں۔

تحفظات: یہ اشاعت صرف معلومات کی فراہمی کیلئے ہے اور اس کو کسی طرح بھی فنڈز کی خریداری کیلئے درخواست، سفارش یا پیشکش نہ سمجھا جائے۔ میوچوئل فنڈز میں کی گئی تمام سرمایہ کاری مارکیٹ کے خدشات سے مشروط ہے۔ گزشتہ کارکردگی مستقبل کے نتائج کی علامت نہیں ہے۔ سرمایہ کاری کی پالیسیز اور اس میں شامل خدشات کے سمجھنے کیلئے پیشکش کی دستاویزات کا مطالعہ کیجئے۔